# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu News Bulletin**

**Dated : 31 August 2026**

**Time : 09:25 AM**

Opening

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں مشاہد حسین

ایل جی

لیفٹینینٹ گورنر منوج سنہا نے سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کے احسن انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے شری امرناتھ جی شرائن بورڈ سیول انتظامیہ، نیم فوجی دستوں، جموں وکشمیر پولیس، بی آر او کے افسروں کے علاوہ طبی پیشہ وروں نیز خدمات مہیا کرانے والوں کی عزت افزائی کی ہے۔ سرینگر میں اس تعلق سے منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ یاترا مشکلات کو فرائض میں، چلینجوں کو مواقعوں میں اور خدمات کو روحانی اقدار میں تبدیل کرنے کے منظم عزم کی عکاسی کرتی ہے۔

----**LG Byte**----

وزیر اعظم

دریں اثناء وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ سالانہ شری امرناتھ یاترا کے دوران اس بار سوچھ بھارت ابھیان کے نظریے کو تقویت بخشتے ہوئے یاتریوں نے مقامی اہلکاروں کے ساتھ مل کر کوڑا کرکٹ جمع کرکے یاترا کو ماحول دوست بنانے کی مثال قائم کی ہے۔ وزیر اعظم نے کل اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات کے دوران مختلف موضوعات پر اظہار خیال کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ نشہ مکت یووا ابھیان فار وکست بھارت مہم میں نوجوانوں کی بڑھ چڑھ کر شمولیت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعظم نے اس امید کا اظہار کیا کہ اس ابھیان کے مثبت نتائج سامنے آئیں گے جن کی بدولت ملک نشے کی بدعت سے نجات پائے گا۔

-------**PM**-------

وزیراعظم دورہ

وزیراعظم نریندر مودی کرغستان کے 2 روزہ دورے پر بشکیک پہنچ گئے ہیں۔ ہوائی اڈے پر وہاں کی کابینہ کے چیئرمین نے اُن کا والہانہ استقبال کیا۔ کرغستان کے دورے کے پہلے دن وزیراعظم 26 ویں SCO اجلاس کے حاشیے پر SCO لیڈروں کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کریں گے۔ اس کے علاوہ وزیراعظم کئی دیگر پروگراموں میں بھی شرکت کریں گے۔ نریندر مودی کل SCO اجلاس سے خطاب کریں گے۔

ایل جی ملاقات

آل انڈیا جے اینڈ کے فارمسسٹ ایسوسی ایشن کا ایک وفد اس کے چیئرمین شیخ معراج الدین کی سربراہی میں لوک بھون سرینگر میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سے ملاقی ہوا اور ڈپلوما میڈیکل اسسٹنٹس اینڈ فارمسسٹ کے معاملات اُن کی نوٹس میں لائے۔ بی جے پی لیڈر اور جموں وکشمیر کے انٹرنیشنل افیئرس اینڈ یونائیٹڈ نیشنز ڈیلیگیٹ سحر خان بھی ایل جی منوج سنہا سے ملاقی ہوئیں۔

فلم فیسٹیول

جموں وکشمیر میں 7 ستمبر سے 10 ستمبر تک منعقد ہونے والے اپنی نوعیت کے پہلے بین الاقوامی فلم فیسٹیول کے کامیاب انعقاد کیلئے انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے۔

اس سلسلے میں صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے SKICC سرینگر میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران فیسٹول کیلئے جاری تیاریوں اور انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔

صوبائی کمشنر نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ تمام تر ضروری اقدامات مقررہ وقت پر مکمل کریں، تاکہ یہ فلم فیسٹول خوش اسلوبی کے ساتھ منعقد کیا جاسکے۔

داخلہ

اعلیٰ تعلیم محکمہ کی ایک اطلاع کے مطابق انڈر گریجویٹ کورسز میں آن لائن داخلے کا دوسرا مرحلہ کل سے شروع ہورہا ہے۔ طالب علموں سے کہا گیا ہے کہ وہ jkadmissions.in پورٹل پر داخل فارم بھر سکتے ہیں۔

اس مرحلے کے تحت مختلف کالجوں میں داخلہ حاصل کرنے کی آخری تاریخ 10 ستمبر 2026 مقرر کی گئی ہے جس کے بعد کوئی ایڈیشن نہیں کیا جائے گا۔

سیتارمن

وزیرخزانہ نرملا سیتارمن نے کہا ہے کہ بھارت مالی سال **2026.27** کے دوران سات فیصد کی ترقی حاصل کرے گا۔شکاگو امریکہ میں بھارتی برادری سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھارت نے عالمی سطح پر حالات میں غیر یقینیت اور سپلائی چین نظام میں خلل کے باوجود شرحِ نمو کی رفتار برقرار رکھی۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19 اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25 اعشاریہ 4 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ